Pak Studies - 10th Class Pakistan Studies Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. آبادی کی تقسیم اور گنجانیت پر اثر انداز ہونے والے دو عوامل لکھیں

Ans 1: کسی ملک کی آبادی کی تقسیم اور گنجانیت ایک جیسی نہیں ہوتی بعض علاقوں میں آبادی بہت زیادہ بعض مینبہت کم اور بعض میں اوسط درجے کی ہوتی ہے آبادی کی تقسیم اور گنجانی پر بہت سے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں ان میں کچھ انسانی عوام شامل ہے

Q2. تجارت کے توازن سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کسی ملک کی درآمدات اور برآمدات کی مالیت میں مقرر وقت کے دوران فرق کا توازن تجارت کا توازن کہلاتا ہے.

Q3. یونیورسٹی کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اعلیٰ تعلیم کے بعد بی-اے ، بی ،ایس ، سی اور بی کام کی تعلیم یونیورسٹی کے تحت حاصل کی جاتی ہے. اس میں کامیاب ہونے پر ایم -اے،ایم کام،ایم ایس سی اور ایم بی اے کی ڈگری کے لیے یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی جاتی ہے -اسے یونیورسٹی کی تعلیم کہا جاتا ہے.

Q4. سرائیکی زبان کے دو شعراء کے نام تحریر کریں.

Ans 1: حضرت سچل سرمست، حضرت غلام فرید رح ہیں.

Q5. ماہی گیری سے کیا مراد ہے

Ans 1: ماہی گیری کا شمار پاکستان کے قدیم ترین پیشوں میں ہوتا ہے جب کہ ماہی پروری مچھلیوں کی افزائش نسل کا مصنوعی طریقہ پاکستان کی قومی آمدنی میں اضافےاور خوراک کی کمی کو پورا کرنے میں ماہی گیری کا ایک اہم کردار ہے یہ مٹن بف اور پولٹری پر ہونے وال دباؤ کو کم کرتی ہے

Q6. پنجاب میں قدرتی گیس کے ذخائر کہاں کہاں واقع ہیں،

Ans 1: پنجاب میں ڈھوڈک پیرکوہ ڈھلیاں اور میال میں قدرتی گیس کے ذخائر موجود ہیں

Q7. پاکستان کی زبانوں کے نام لکھیں

Ans 1: اردو پنجابی بلوچی سرائیکی سندھی

Q8. معاشی ترقیٔ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کسی پسماندہ معیشت کا ترقی یافتہ معیشت کی طرف گامزن ہونا معاشی ترقی کہلاتا ہے.

Q9. خوشحالی خاں ختک کی شاعری کا موضوع کیا ہے

Ans 1: خوشحال خاں خٹک نے اپنی شاعری میں مختلف شعبہ ہائے زندگی کے متعلق لکھا ان میں عشق حقیقی عشق مجازی تصوف اخلاق حریت اور بہادری ے موضوعات نمایاں ہیں

Q10. پاکستان میں زرعی مسایل حل کرنے کے لیے تین تجاویز پیش کریں

Ans 1: 1. پاکستان میں جدید طریقہ کاشت کاری کو رواج دیا جائے 2. پاکستانی کسان کو کاشت کاری کے جدید طریقے سکھائے جائیں. 3..زرعی ادویات کی قیمتوں میں کمی کی جائے 4. صحت مند اور اچھی نسل کے بیج سستے داموں فروخت کیے جائیں.